1989ء سے مسلسل اشاعت | 14 تا 20 اگست 2020 | شمارہ نمبر 35 | جلد نمبر 32

# ہفت روزہ پیپر بزنس کراچی

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-

bmp
بزنس مین پینل



محمد سلیم بھکیا
چیئرمین



خاس سعید بٹ
گروپ لیڈر

BMG
بزنس مین گروپ

کی کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال

جناب محمد سلیم بھکیا اور جناب خاس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

IBM™

ISO 9001:2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TJIWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board

pindo deli
paper products

Indah Kiat
Pulp and Paper Product

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital, Karachi. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-21-32627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleemitc@gmail.com, website: www.ibmpakistan.com

DAWN
Dawn Paper Mart And Dawn Convertec

66 YEARS 1952

DISTRIBUTOR OF:
Century Paper & Board Mills Limited

UAN: 111-111-DPM (376)

IMPORTER AND INDENTOR
All Type Of Paper And Paper Board

QUALITY GUARANTEE

KARACHI NO: 021-32636500, 021-32214141, 021-32624141, 021-36728852, 021-32624103 | LAHORE NO: 042-37210575-6, 042-37361742

APP

中華紙業

ZHONGHUA-PAPER

IBM™

ISO 9001:2008
CERTIFIED

# NINGBO GOLD

ISO 14064 · PEFC · ISO9001 · ISO14001

## Coated Packaging Board

# ANNOUNCEMENT

**We are going to Lounge the new brand Ningbo Gold very soon**

**Ningbo Gold is a premium coated packaging board with a triple coating on the top side, giving it an excellent smoothness and good printability.**

**Ningbo gold has high ink absorbency and super surface characteristics, which makes it ideal for all premium quality book covers, cards, shopping bags and a wide range pakaging application.**

FIRST ISO 9001:2008 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road,
Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper producs

IBM™
PAKISTAN




## SELF ADHESIVE STICKER PAPER
## INDONESIA

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general end use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

indah kiat
pulp & paper Products

# WELCOME TO
## OUR WORLD OF COLOURS



IK GOLD, X-BRITE
IK COPY PAPER



SINAR SPECTRA
premium colour paper



spectra color
premium color paper

## PHOTOCOPIER PAPER

SPECTRA COLOR, SINAR SPECTRA,
PAPERLINE, BLC, PPC BROWN, PPC BLUE,
PPC ORANGE, PAPERLINE 2000

## CAST COATED BOARDS

| | |
|---|---|
| SINAR ROYAL | C2S GRAPHIC BOARD |
| SINAR VANDA | C1S WHITE BACk HIGH-BLUK |
| SINAR PLEX | C1S DUPLEX BOARD GREY BLACK / E-PLEX BOARD |
| SINAR FOLD | C1S WHITE BACK |
| SINAR CARD | C1S DUPLEX BOARD WHITE BACK |



## QURAN PAPER

PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS
COLOR PAPER
Sinar Tech



SINAR SPECTRA
COLOR CUBE



## FOR BOOKING CONTACT

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

IBM™
ISO 9001:2015 CERTIFIED

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
**پبلشر حرا روف**
نے پرنٹ عبدالغفور شارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 20 رنگین اور 16 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

**رابطہ آفس**
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سٹی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

**بانی: محمد روف**
**ایڈیٹوریل بورڈ**
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا روف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیرا انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

**چارجز**
قیمت: 70 روپے
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک بتول مارکیٹ کراچی
A/c-No: 010256027140112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

# ان کوٹڈ آفسیٹ پیپر پر عائد اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کے خلاف امپورٹرز کی اپیلیں مسترد

## انڈونیشین کی چاروں ملوں کی اپیلیں منظور کرتے ہوئے این ٹی سی کو نئے فیصلے کے لیے واپس بھیج دی گئیں

اسلام آباد (پیپر بزنس نیوز) اینٹی ڈمپنگ اپیلٹ ٹریبونل نے نیشنل ٹیرف کمیشن کی جانب سے 29 مارچ 2018 کو مختلف ممالک انڈونیشیا چائنا، برازیل، تھائی لینڈ اور جاپان سے درآمد ہونے والے ان کوٹڈ افسیٹ (رائٹنگ، پرنٹنگ) پیپر پر مختلف شرحوں سے عائد کی جانے والی اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کے خلاف امپورٹرز کی جانب سے دائر کی گئی 12 اپیلوں پر اپنا فیصلہ 6 اگست 2020 کو اوپن کورٹ میں سنا دیا۔ جس کے تحت ٹریبونل نے امپورٹرز کی تمام اپیلیں خارج کر دیں جبکہ برآمد کنندگان (ملز) کی جانب سے دائر کی گئی دونوں اپیلوں کو نیشنل ٹیرف کمیشن کو اس حکم کے ساتھ واپس بھیج دیا کہ قانون کے مطابق اور فریقین کو اپنا موقف پیش کرنے کی مکمل سہولتیں فراہم کرنے کے بعد نیا حکم جاری کرے اس طرح ٹریبونل نے تمام اپیلیں نمٹا دیں۔ ٹریبونل کا یہ فیصلہ تین رکنی بنچ نے 6 اگست کو سنایا جس میں جناب ناصر مسرور احمد (چیئرمین) اور اراکین جناب اطہر سلیم اور سمیہ نظیر صدیقی شامل تھے۔ برآمد کنندگان (ملز) کی جانب سے اپریل انٹرنیشنل انٹر پرائزز پرائیویٹ لمیٹڈ سنگاپور، جبکہ انڈونیشیا کی تین ملوں میسرز


1-PT.Indah Kiat Pulp & Paper TBK

2- Pindo Deli Pulp & Paper

3- PT Pabrik Kertas TJIWI KIMIA-TBK

نے اپیلیں دائر کی تھیں۔ فیصلے میں بتایا گیا کہ ان اپیلوں کی سماعت 2018 میں 12 جولائی 5 ستمبر 2019 میں 5 نومبر، 12 نومبر، 19 نومبر، 26 نومبر، 10 دسمبر، 12 دسمبر، 17 دسمبر اور 2020 میں 14 جنوری، 21 جنوری، 28 جنوری، 12 فروری، 18 فروری، 19 فروری، 25 فروری، 3 مارچ، 10 مارچ اور 30 جون کو منعقد ہوئیں جبکہ فیصلہ 6 اگست 2021 کو جاری کیا گیا۔ برآمد کنندگان (ملز) کی اپیلیں منظور کی گئیں ہیں ان کا نمبر 275/2020 اور 276/2018 ہیں جبکہ امپورٹرز کی جو اپیلیں مسترد کی گئی ہیں ان کا نمبر یہ ہے۔ اپیل نمبر 261،260 ، 267،262، 269، 271،278،279، 280، 285، اور 286 اور 2018 ہیں۔ دریں اثنا نیشنل ٹیرف کمیشن نے 9 اگست کو کسٹم حکام کو فیصلے سے آگاہ کرتے ہوئے اس پر عملدرآمد کے لیے احکامات جاری کر دیئے ہیں۔ جس کے نتیجے میں وی بوک سسٹم میں واضح کر دیا گیا ہے کہ انڈونیشیا کی چار ایکسپورٹر جن کی اپیلیں منظور ہوئی ہیں ان پر اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی نہ لی جائے جبکہ باقی ممالک جن میں برازیل، تھائی لینڈ، چائنا اور جاپان شامل ہیں کے درآمد کنندگان کا مال جو گیٹ سے باہر نہیں نکلا ہے اس پر اور جو بانڈ میں ہے اس پر مطلوبہ شرح اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی وصول کی جائے اس کے علاوہ ان ممالک کے درآمد ہونے والی سابقہ درآمدت پر بھی اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کی وصولی کے لیے ڈیمانڈ جاری کر کے وصول کی جائے۔

# اینٹی ڈمپنگ کے فیصلے پر عملدرآمد۔ وی بوک سسٹم میں شامل


**Condition/Document Requirement**

| Instruction |
| --- |
| "10.08.2020: The Honorable Anti-Dumping Appellate Tribunal has remanded the appeals of the exporters of Indonesia to NTC vide its judgment dated 06.08.2020. Therefore, the anti-dumping duty may not be collected from the exports of the following exporters of Indonesia till further instructions: (i) PT. Indah Kiat Pulp and Paper Tbk (ii) PT. Pabrik Kertas Tjiwi Kimia Tbk (iii) PT. Pindo Deli Pulp and Paper and (iv) April International Enterprise Pvt Ltd, Singapore". |
| "10.08.2020: Following is for immediate attention and enforcement please: (i) The Honorable Anti-Dumping Appellate Tribunal has dismissed appeals of the importers vide its judgment dated 06.08.2020. (ii) The special instructions dated 12.06.2020 and 28.07.2020 in respect of W.P. No. 1178/2020, dated 14.05.2020 and 30.05.2020 in respect of C.P. No. 7013/2019 and in respect of C.P. No. 7093/2019, C.P. No. 6800/2019, C.P. No. 6820/2019, C.P. No. 4319/2019 are hereby recalled. Therefore, the anti-dumping duty be collected from the parties/importers of the said petitions. (iii) All those consignments which have not 'gate out' anti-dumping duty be collected. (iv) All those consignments which were cleared by the parties/importers before 10.08.2020 have become chargeable to anti-dumping duties. The demands for recovery of the defaulting amount may be raised urgently under intimation to NTC. (v) The personal bond provided by the parties/importers of W.P. No. 1178/2020 shall also be enforced". |

نیشنل ٹیرف کمیشن نے 6 اگست 2020 کے اینٹی ڈمپنگ اپیلٹ کے حکم پر عملدرآمد کے لئے کسٹم کو ارسال کیا تھا۔ کسٹم نے 10 اگست کو اسے وی بوک سسٹم میں شامل کر دیا ہے جس کا عکس اوپر دیا گیا ہے۔

# آئی پی سن اور بوہی کی پروڈکٹس کی قیمتوں میں بھی 30 ڈالر کا اضافہ

شین ڈونگ (پیپر بزنس نیوز) شین نک بوہی پیپر نے بھی یکم اگست 2020 سے اپنی پروڈکٹس کی قیمتوں میں 30 ڈالر فی ٹن اضافہ کا اعلان کر دیا ہے۔ گذشتہ ہفتے چین منگ اور ننگبو اپنی پروڈکٹس کی قیمتوں میں اضافہ کر چکے ہیں۔ واضح رہے کہ کورونا وائرس کی وجہ سے حالیہ مارکیٹ کی صورتحال میں تبدیلی، مقامی مارکیٹ میں طلب میں اضافے اور بڑھتی ہوئی لاگت کی وجہ سے کوٹڈ ون سائیڈ فولڈنگ بکس بورڈ، کوٹڈ ٹو سائیڈ آرٹ بورڈ، کپ اسٹاک، فوڈ پیکیجنگ بورڈ، کوٹڈ کرافٹ بیک بورڈ کی طلب میں اضافے کے باعث ان آئٹمز کی قیمتوں میں 30 ڈالر فی ٹن اضافہ کر دیا گیا ہے۔ انٹرنیشنل مارکیٹ کے ذرائع نے بتایا ہے کہ گذشتہ دنوں چائنا کی ملوں نے ایک مشترکہ اجلاس منعقد کیا ہے جس میں FBB اور ڈپلیکس بورڈ کی طلب و رسد پر غور کیا ہے اور اس اجلاس میں اس کی بڑھتی ہوئی طلب کے پیش نظر قیمتوں میں اضافے کے اعلان کا فیصلہ کیا تھا یہ اسی سلسلے کی کڑی ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# شعبہ جاتی اوسط تناسب کی بنیاد پر انکم ٹیکس کا نفاذ



تحریر: ایم۔ آر انصاری

حالیہ بجٹ 21-2020 میں انکم ٹیکس کی ایک دفعہ 177 میں نئی ذیلی دفعہ 2AA متعارف کرائی گئی ہے جس کے تحت اگر کوئی ٹیکس دہندہ:

(a) حسابی کتب، ریکارڈ یا دستاویزات فراہم کرنے میں ناکام رہتا ہے

(b) نامکمل حسابی کتب یا ریکارڈ فراہم کرتا ہے۔ یا

(c) وہ ریکارڈ حسابی کتب یا دستاویزات کی خامیوں کے حوالے سے مطمئن کرنے میں ناکام رہتا ہے،

تو یہ بات سمجھی جائے گی کہ اس نے اپنی صحیح قابل ٹیکس آمدنی ظاہر نہیں کی ہے اس طرح کمشنر اس کی قابل ٹیکس آمدنی اس شعبہ کی دیگر افراد/ اداروں کی انکم کی بنیاد پر جس کا اعلان ایف بی آر کرے گا اس کی آمدنی کو قابل ٹیکس قرار دیا جائے گا۔ اس شق میں شعبہ جاتی بنچ مارک شرح متعین کرنے کا طریقہ کار بھی بنایا گیا ہے جس کے تحت ایف بی آر کسی بھی شعبہ کے معیاری افراد/ اداروں کے کیسز کا موازنہ کرے گا اور اس میں مندرجہ ذیل تناسب کی بنیاد پر فیصلہ کرے گا۔

1۔ مالیاتی تناسب 2۔ پیداواری تناسب 3۔ خام منافع 4۔ حتمی منافع 5۔ وصولی کا تناسب 6۔ ضائع ہونے کا تناسب 7۔ اور دیگر تناسب جو اس شعبہ کے لیے ضروری ہوں گے۔

ایف بی آر کو کئی سال قبل بھی وفاقی بجٹ کے ذریعے مختلف شعبہ جات کے خام منافع (Gross Profit) کی شرحوں کے تعین کا اختیار دیا گیا تھا اور یہ کہا گیا تھا کہ متعلقہ تجارتی تنظیم کی مشاورت سے اس کا تعین کیا جائے گا۔ لیکن ایف بی آر کے سست، کاہل اور کام چور افسران نے یہ کام پایہ تکمیل تک نہیں پہنچایا اور نتیجتاً ٹیکس دہندہ اور ٹیکس کلکٹر کے درمیان تنازعات کی تعداد میں دن بدن اضافہ ہی ہوا ہے۔

اب ایف بی آر کو ایک بار پھر یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ شعبہ جاتی بنیاد پر معیاری تناسب کا تعین کرے اگر ایسا ہو گیا تو یقیناً ٹیکس افسران کے صوابدیدی اختیار پر کاری ضرب لگے اور ٹیکس دہندگان تناسب کے مطابق اپنی کم از کم آمدنی ظاہر کر سکیں گے۔ لیکن ان شرحوں کے تناسب کے تعین کا انحصار ایف بی آر کے افسران کی نیت خالص پر ہے اگر وہ اس کو کرنا چاہتے ہیں تو وہ تھوڑی سی محنت کر کے ''پراپرٹی ویلیوایشن ٹیبل'' کی طرح ایک بنچ مارک کا تعین کر سکتے ہیں، باوجود اس کے کہ پراپرٹی ویلیوایشن ٹیبل میں گدھا، گھوڑا برابر کر دیا گیا یعنی اس کی لوکیشن، جگہ کا سائز، مین روڈ اور اندرونی روڈ تمام کی ویلیوایشن برابر تعین کی گئی ہے اور اسی وجہ سے پراپرٹی ویلیوایشن ٹیبل کی شرح سے کہیں کم شرح پر حقیقی خرید و فروخت ہو رہی ہے لیکن ایف بی آر اپنے ٹیکس مقصد کے لیے اس سے کم شرح کو قبول نہیں کرتا۔ چند سالوں میں اس شعبہ سے وابستہ افراد نے اسے بادل نخواستہ قبول بھی کر لیا ہے اور اس پر کامیابی سے عمل بھی ہو رہا ہے۔

کاروباری لین دین سے متعلق بنچ مارک کا تعین ایک مشکل مرحلہ ہوگا لیکن اگر اس پر تاجروں اور ٹیکس حکام کے درمیان پر خلوص مذاکرات ہوئے تو اس کا تعین کوئی مشکل نہیں ہے۔ اگر ایک دفعہ بنچ مارک بن گئے تو مستقبل میں اس میں مزید بہتری لائی جا سکے گی اور اسے منجمد کرنے کے بجائے تناسب کو وقت و حالات کے ساتھ اوپر نیچے کرنا لازمی ہوگا تاکہ دونوں فریقین کے درمیان باہمی اعتماد کی فضا برقرار رہے۔ کاروبار کی مختلف سطحیں ہیں جس میں مینوفیکچررز، ڈسٹری بیوٹرز، امپورٹرز، سپلائرز، ہول سیلرز، ریٹیلرز ہر سطح الگ الگ مذاکرات کی متقاضی ہے لہٰذا اس پر نہایت سنجیدگی اور احتیاط سے کام کرنے کی ضرورت ہوگی بشرطیکہ ''ٹیکس بابو'' مخلص ہو۔

ہماری ایف بی آر کے چیئرمین اور مشیر خزانہ سے درخواست ہے کہ وہ اس شق پر عملدرآمد کے لیے ٹیکس کمشنرز کو خصوصی احکامات جاری کریں کہ وہ اس شق پر عملدرآمد کے لیے 90 دن میں تیاریاں مکمل کریں ورنہ بصورت دیگر اس شق کا بھی وہی حشر ہوگا جو ماضی میں ہوتا رہا ہے اور وہ اپنے صوابدیدی اختیارات کی بدولت اپنی مٹھی گرم کرتے رہیں گے اور کام مکمل نہ کرنے والے افسران کے خلاف تادیبی کارروائی کی جائے۔ ان کی ترقی روکی جائے اور انہیں سخت سزا دی جائے۔

# ATC پاکستان کی جانب سے Label Tac کے نام سے اسٹیکر پیپر کی نئی برانڈ متعارف

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ATC پاکستان (پرائیوٹ) لمیٹڈ کے سی ای او عابد نثار نے چائنا سے درآمد شدہ ایک نئی اسٹیکر پیپر کی برانڈ Label Tac کے نام سے متعارف کرائی ہے۔ دکانداروں بالخصوص صارفین نے اس کی کوالٹی کو بہت پسند کیا ہے۔ سی ای او عابد نثار نے پیپر بزنس کو بتایا ہے کہ لیبل ٹیک (Label Tac) کوالٹی اس وقت مارکیٹ میں دستیاب چائنا کی دیگر برانڈ میں سب سے بہتر ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس کی اعلیٰ کوالٹی اور مناسب قیمت کے باعث صارفین نے اس پر اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ عابد نثار سی ای او اے ٹی سی نے برانڈ کے معیار کو بہتر بنانے کے لئے خصوصی تیکنیکی معاونت فراہم کرنے پر سینئر پیپر مرچنٹس اسلم احمد کا شکریہ ادا کیا ہے جنہوں نے اس کی تیاری اور مارکیٹنگ میں بھرپور تعاون کیا ہے اور برانڈ کو متعارف کرانے کے لئے عابد نثار نے محمد اسلم احمد کے ہمراہ فرداً فرداً دکانداروں سے ملاقات کر کے اس نئی برانڈ کی خصوصیات سے آگاہ کیا اور اسٹیکر کے نمونے بھی دیئے۔ عابد نثار نے کہا کہ وہ گذشتہ 40 سال سے پیپر ٹریڈ کے انڈنٹنگ بزنس سے وابستہ ہیں اور انہوں نے ماضی میں بھی ہمیشہ اعلیٰ معیار کے دنیا کے بہترین برانڈ متعارف کرائے ہیں اور لیبل ٹیک اسٹیکر بھی اسی کی ایک کڑی ہے۔













اس شمارے کے ساتھ ابوظہبی سے درآمد شدہ IPM برانڈ 80 گرام، ووڈ فری آفسیٹ پرنٹنگ پیپر کا سیمپل بھی منسلک ہے



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111






Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

APP




IBM

# AQNA
## Brands
## Products of PINDO DELI





ہم سا ہو تو سامنے آئے

# SELF ADHESIVE STICKER PAPER

## 100% Cast Coated, Mirror Coat

## Acrylic Glue with water Base

## Quality Similar to Lintec

FOR BOOKING PLEASE CONTACT

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™ International Business Management
ISO 9001:2015 CERTIFIED

HEAD OFFICE: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Karachi-74000.
UAN : 111-IBM-PAK
Tel : +92-21-32627061-63
Fax : +92-21-32629786
Email : saleemitc@cyber.net.pk
saleemibm@cyber.net.pk
Web : ibmpakistan.com

Brands of the year Award™ 2010 IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on "Hi-White" Sinar Art Paper Indonesia , 113 Gsm. - Contact for Booking **IBM:** 111-426-725

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on "Hi-White" Sinar Art Paper Indonesia , 113 Gsm. - Contact for Booking **IBM:** 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

# سندھ بورڈ کی درسی کتب کی مارکیٹ میں عدم دستیابی سے والدین اور طلبہ پریشان

## فوٹو اسٹیٹ کر کے کتابیں بیچنے والوں کا کاروبار عروج پر، کاپی رائٹ ایکٹ کی مسلسل کھلے عام خلاف ورزی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سندھ میں کورونا کے باعث نئے تعلیمی سال میں کئی ماہ کی تاخیر کے باوجود بازار میں جماعت اوّل تا 12 ویں جماعت کی کتابیں دستیاب نہیں ہیں۔ اردو بازار کے کتب فروش حضرات کا کہنا ہے کہ سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ کی نئے سال کی ایک کتاب بھی بازار میں دستیاب نہیں جبکہ بہت سے نجی اسکولوں اور کالجوں میں آن لائن تدریس کا آغاز بھی ہو چکا ہے جس کی وجہ سے والدین کتابوں کے حصول کیلئے اُردو بازار کے چکر کاٹ رہے مگر ہم ان کو کتابیں دینے سے قاصر ہیں۔ پبلشر کا کہنا ہے کہ ہماری پہلی ترجیح جماعت اوّل تا دہم مفت درسی کتب کی چھپائی ہے، بازار کی کتابیں ہم بعد میں چھاپیں گے۔ اردو بازار میں حالیہ بارشوں کے باعث پانی کیچڑ اور بدبو سے برا حال ہوگیا ہے اس کے باوجود والدین اور طلباء کتابوں کی خریداری کے لئے اردو بازار آرہے ہیں۔ نئی کتابوں کی عدم دستیابی کے باعث فوٹو اسٹیٹ کتابوں کا کاروبار چمک اٹھا ہے اور وہ منہ مانگی قیمت پر کتابیں کھلے عام فروخت کر رہے ہیں اور مسلسل کاپی رائٹ ایکٹ کی خلاف ورزی کر رہے ہیں۔ لوگ پرانی اور ان کی فوٹو اسٹیٹ کاپی خریدنے پر مجبور ہو گئے ہیں تاہم کیمبرج اور آکسفورڈ یونیورسٹی کی کتب بازار میں موجود ہیں جبکہ سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ کی کتابیں غائب ہیں۔ اُردو بازار ویلفیئر ایسوسی ایشن کے صدر نسیم بھائی کے مطابق رواں سال سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ کی ایک کتاب بھی بازار میں نہیں ہے اس سال بہت دیر ہوگئی ہے پہلے بھی کتابیں نہیں ہوتی تھی مگر اتنی تاخیر نہیں ہوتی تھی۔ سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ کے چیئرمین اور سیکرٹری تعلیم احمد بخش ناریجو کا دعویٰ ہے کہ درسی کتب میں تاخیر نہیں ہوئی ہے مگر کورونا کے باعث پبلشرز کے کچھ مسائل تھے اور جب بھی تعلیم سال شروع ہوگا کتابیں بازار میں دستیاب ہوں گی۔

## لاک ڈاؤن ختم، معمول کی کاروباری سرگرمیاں بحال

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت نے پیر 10 اگست سے ملک بھر میں کورونا وائرس کے باعث عائد پابندیاں اور اسمارٹ لاک ڈاؤن ختم کرنے کا اعلان کر دیا ہے جسکا مقصد عوام کو احتیاطی تدابیر کی پاسداری کے ساتھ معاشی سرگرمیوں کی اجازت دینا ہے۔ اعلان کے بعد ریسٹورنٹس، ہوٹلز، جمز، تھیٹر، سینما ہالز، شاپنگ مالز، بیوٹی پارلر اور مزارات بھی کھل گئے، بین الاالصوبائی ٹرانسپورٹ پر عائد پابندی بھی ختم ہوگئی تاہم اسکول اور تعلیمی ادارے بدستور بند رہیں گے۔ 15 ستمبر سے شادی ہالز کھولے جاسکیں گے جبکہ 8 اگست سے سیاحتی مقامات کھول دیئے گئے تھے۔ پاکستان میں کورونا کیسز، اموات اور تشویشناک مریضوں کی تعداد کم ہونے لگی، مجموعی طور پر 260248/ مریض صحت یاب ہو چکے ہیں، تفصیلات کے مطابق وفاقی حکومت کی جانب سے لاک ڈاؤن ختم کرنے کے اعلان کے بعد سندھ میں بھی 10 اگست سے کاروباری اور تجارتی سرگرمیاں بحال کردی گئی ہیں۔ ترجمان وزیر اعلیٰ سندھ کے مطابق محکمہ داخلہ سندھ کے نوٹیفکیشن کے بعد نئے حکم نامے کا اطلاق ہوگا۔ ہوٹل اور ریسٹورنٹس رات دس بجے تک کھولے جائینگے۔ سندھ حکومت کے محکمہ داخلہ نے ریسٹورنٹس کھولنے ایس او پیز کا نوٹی فکیشن جاری کرنا تھا تاہم یہ نوٹیفکیشن جاری نہ ہوسکا۔ وزیر اطلاعات سندھ ناصر شاہ کا کہنا تھا کہ ایس او پیز تیار کرلی گئیں ہیں اور اس کا نوٹیفکیشن بھی جلد جاری ہوجائیگا۔

## کسٹم ڈیوٹی وصولی کے سابقہ طریقہ کار کی بحالی

کراچی (بزنس ڈیسک) ایف پی سی سی آئی کے نائب صدر خرم اعجاز اور کنوینئر کسٹم کمیٹی شبیر منشا کی قیادت میں ایک وفد نے ایف بی آر اور نیشنل بینک کے اعلیٰ حکام سے ملاقات کی جس میں چیف کلکٹر ساؤتھ بھی موجود تھے۔ اجلاس میں سرکلر نمبر 135/2020 کو موخر کرنے پر اتفاق رائے ہوا اور فیصلہ ہوا کہ سابقہ طریقہ کار کے مطابق کسٹم ڈیوٹیز نیشنل بینک وصول کرے گا اور جو بھی طریقہ کار طے ہوگا اس سلسلے میں فیڈریشن کو اعتماد میں لیا جائے گا۔ قبل ازیں فیڈریشن کی قائمہ کمیٹی برائے کسٹمز کے کنوئیر شبیر منشاء چھرہ نے اس بات پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا تھا کہ NBP نے 21 جولائی کو جو لیٹر جاری کیا تھا اب اس پر 10 اگست سے عمل درآمد کیا جا رہا ہے جس میں یہ ہدایات جاری کی گئی تھی کہ اب امپورٹرز کے pay orders محض وصول کر کے انھیں ایک رسید دی جائے گی اور کسٹم ڈیوٹی pay order کی (Realization) یعنی encashment کے بعد ادا کی جائے گی۔ ایف پی سی سی آئی کو اس بات پر شدید تحفظات تھے کہ گزشتہ 70 سالوں سے جو نظام چلا آرہا اسے یکدم تبدیل کرنے کی ضرورت کیوں محسوس کی گئی۔ ان حالات میں جب بزنس کمیونٹی COVID-19 کی وجہ سے شدید مشکلات کا شکار ہے خوامخواہ ایک نیا issue کیوں create کیا جا رہا ہے NBP کے اس بے وقت اقدام سے کراچی پورٹ پر international trade بری طرح متاثر ہو گی اور ہزاروں containers پورٹ پر رک جائیں گے اور دوسری طرف یہ نظام قابل عمل نہیں۔ کیونکہ پاکستان میں exchange rate روزانہ کی بنیادوں پر تبدیل ہوتا ہے اور اگر کسٹم ڈیوٹی ادا نہ کی گئی تو ایک payorder کے encash ہوتے ہوئے بھی کسٹم ڈیوٹی کی ادائیگی ممکن نہیں کیونکہ ڈیوٹی کی ادائیگی میں exchange rate کا فرق آنے کی وجہ سے بینک دوبارہ difference amount کا پے آرڈر مانگے گا اور جب تین دنوں کے بعد وہ پے آرڈر کیش ہوگا تو اس وقت بھی exchange rate کا فرق آسکتا ہے اور یہ ایک نہ ختم ہونے والا سلسلہ جاری رہے گا اسی طرح یہ بڑی ستم ظریفی ہے کہ tax payer پے آرڈر جمع کروادے اور اس سے ڈیوٹی نہ لی جائے یعنی ایک طرف تو اس کا پیسہ block ہو جائے اور دوسری طرف ٹرمینل آپریٹر اور شپنگ کمپنیز اس سے ڈیمرج اور detention چارج کریں اور اس سی پیداواری نقصانات بھی ہو۔

FAIR TRADE (Pvt) Limited
A Trusted & Reliable Name For Genuine Trading in Paper & Board
Serving Since 1975

Distributors
Flying Paper
Bullehshah (Packages)
Crown (Fazal Paper)

Importers
Offset Paper
Bleached Board
Duplex Board

4, Mohammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi. Phones: 021-3262 5600 - 3262 5633
Whatsapp: 0334-0209809 | Fax: (92-21) 32621614 | Email: fairtrade1961@gmail.com



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# منی لانڈرنگ ترمیمی بل: 20لاکھ سے زائد خریداری پر ذرائع آمدن، مصرف اور دیگر معلومات دینا ہوں گی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) منی لانڈرنگ جرائم پر جرمانے اور سزائیں سخت اور جیولرز، وکلاء رئیل اسٹیٹ ایجنٹس کو ریگولیٹ کیا جائیگا، 20لاکھ روپے سے زائد خریداری پر ذرائع آمدن سمیت مصرف اور دیگر معلومات فراہم کرنا ہونگی منی لانڈرنگ پر جرمانے، سزائیں سخت، جیولرز، وکلاء، رئیل اسٹیٹ ایجنٹس کو ریگولیٹ کیا جائیگا،، ایف اے ٹی ایف کی سفارشات کے مطابق منی لانڈرنگ مجوزہ ترمیمی بل 2020 پر قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی خزانہ میں پیر کو غور کیا جائیگا۔ انفرادی سطح پر منی لانڈرنگ پر اڑھائی کروڑ جرمانہ اور 10 سال قید، کمپنی یا فرم کی صورت میں 10 کروڑ جرمانہ، 10 سال قید تجویز کی گئی ہے، قائمہ کمیٹی خزانہ میں منی لانڈرنگ ترمیمی بل پر اپوزیشن کے ارکان کی جانب سے مخالفت کا سامنا ہے اور انہوں نے بل کی مجوزہ ترمیمی شقوں پر اعتراضات کیے ہیں۔ امکان ہے کہ منی لانڈرنگ (دوسرا) ترمیمی بل 2020 پیر کو قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی خزانہ سے منظور کرلیا جائیگا۔ ذرائع کو دستیاب بل کے مسودے کے مطابق جیولرز، وکلاء، رئیل سٹیٹ ایجنٹس، چارٹرڈ اکاوٴنٹنٹ اور قیمتی پتھروں کا کاروبار کرنیوالوں کو ریگولیٹ کیا جائے گا۔ منی لانڈرنگ جرائم کی سزاؤں میں اضافہ کردیا جائیگا۔ انفرادی سطح پر منی لانڈرنگ میں ملوث فرد پر جرمانہ 50لاکھ روپے سے بڑھا کر اڑھائی کروڑ روپے تک اور 10 سال تک سزائے قید اور کسی کمپنی، ایسوسی ایشن، فرم کے ڈائریکٹر، افسر، ملازم یا لیگل پرسن ہونے کی صورت میں جرمانہ 10 کروڑ روپے تک عائد ہوگا اور 10 سال قید کی سزا ہوگی، جیولرز، وکلاء، رئیل سٹیٹ ایجنٹس، چارٹرڈ اکاوٴنٹنٹ، قیمتی پتھروں کا کاروبار کرنیوالوں کو ریگولیٹ کیا جائیگا، 20 لاکھ سے زائد خریداری پر ذرائع آمدن، خریداری کی وجوہات اور دیگر معلومات دینا ہوں گی۔ ایف اے ٹی ایف کی سفارشات کے مطابق منی لانڈرنگ کے قانون کو مزید سخت کرنے کے لیے متعدد ترامیم کے ساتھ مجوزہ بل میں متعدد نئی شقیں شامل کی گئی ہیں، منی لانڈرنگ کی تحقیقات کرنیوالی ایجنسیوں میں نیب کو شامل کرنے کی بھی تجویز ہے جبکہ دیگر اداروں میں ایف آئی اے، ایف بی آر، ایس ای سی پی، اسٹیٹ بنک آف پاکستان، انٹی نارکوٹیکس فورس، کسٹم انٹلی جنس وانوسٹی گیشن، ان لینڈ ریونیو انٹیلی جنس وانوسٹی گیشن، دہشتگردی کے خلاف کام کرنیوالے صوبائی محکمے شامل ہونگے۔ بل میں مجوزہ ترمیم کے تحت منی لانڈرنگ ایکٹ پر موثر عملدرآمد کے لیے ایک نیشنل ایگزیکٹو کمیٹی تشکیل دی جائیگی جو ریگولیٹرز کی نگرانی کرے گی وفاقی حکومت کو منی لانڈرنگ تک مالیاتی رسائی روکنے کے لیے وفاقی حکومت کو قومی پالیسی مرتب کرنے کی سفارش کرے گی اور منی لانڈرنگ سے متعلق دیگر امور کو دیکھے گی اس کمیٹی کے سال میں کم از کم دو اجلاس ہونگے، وزیر خزانہ یا مشیر خزانہ نیشنل ایگزیکٹو کمیٹی کے چیئرمین ہونگے، جبکہ ممبران میں وزیر خارجہ، وزیر قانون، وزیر داخلہ، وزیر اقتصادی امور، گورنر سٹیٹ بنک، چیئرمین ایس ای سی پی، ڈی جی ملٹری آپریشن، ڈی جی آئی ایس آئی، ڈی جی ایف ایم یو، ڈی جی ایف اے ٹی اے ایف سیل ہونگے جبکہ وفاقی حکومت کسی بھی دوسرے عہدیدار کو بھی ممبر نامزد کرسکتی ہے، ڈی جی ایف ایم یو نیشنل ایگزیکٹو کمیٹی کے سیکریٹری کے طور پر فرائض انجام دیں گے۔

## بینکوں کو ماہانہ 1 کروڑ روپے جمع اور 10 لاکھ نکلوانے والوں کی تفصیلات فراہم کرنے کی پابندی

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) ایف بی آر نے بینکوں سے ماہانہ 1 کروڑ روپے اکاوٴنٹ میں جمع کرنیوالوں کی تفصیلات طلب کرلی ہیں۔ جب کہ فنانس ایکٹ 2020 کے تحت اکاوٴنٹ سے ماہانہ 10 لاکھ روپے نکلوانے والوں کی تفصیلات بھی طلب کی گئی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق، ایف بی آر نے فنانس ایکٹ 2020 کے تحت ڈرافٹ رولز جاری کیا ہے، جس کے تحت بینکوں سے ایسے تمام افراد کی معلومات طلب کی گئی ہیں جنہوں نے ایک ماہ کے دوران اکاوٴنٹس میں 1 کروڑ روپے جمع کیے ہیں یا کریڈٹ کارڈ کے ذریعے ماہانہ 2 لاکھ روپے کی ادائیگی کی ہے۔ اسی طرح ان اکاوٴنٹ ہولڈرز کی تفصیلات بھی ایف بی آر کو فراہم کی جائیں گی جنہوں نے ایک ماہ کے دوران 10 لاکھ روپے نکلوائے ہیں۔ ایف بی آر نے مذکورہ اکاوٴنٹ ہولڈرز کی جو دیگر تفصیلات بینکوں سے طلب کی ہیں ان میں سی این آئی سی، این آئی سی او پی، پاسپورٹ نمبر، این ٹی این، نام، ٹائٹل اکاوٴنٹ، رہائش/عدم رہائش، پتہ، ٹیلی فون نمبر، اکاوٴنٹ کھلوانے کی تاریخ، اکاوٴنٹ نمبر (آئی بی اے این)، مہینے میں جمع کی گئی رقم، یا نکلوائی گئی رقم، ٹیکس کٹوتی کی رقم، پیشہ، کاروبار وغیرہ۔ بینکوں کے لیے نئے قوانین کے تحت مطلوبہ معلومات انکم ٹیکس آرڈیننس 165اے کے تحت فراہم کرنا ہیں۔ ہر بینک افسر مطلوبہ معلومات فراہم کرنے کا پابند ہوگا۔ جب کہ ہر بینک بورڈ کو دیئے گئے وقت میں معلومات فراہم کرے گا۔ سالانہ مقامی رپورٹنگ کی تاریخ ہر سال 31 مئی ہے۔

# کاروباری مواقع

# TENDERS

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 21 اگست 2020

برائے رابطہ: پروکیومنٹ ڈپارٹمنٹ، پہلی منزل، گیس ہاوٴس، 21 کشمیر روڈ، لاہور۔

فون: 042-99085018

## ہائی وے اتھارٹی کو پیپر و کارڈ درکار

پیپر A4,A3 اور لیگل سائز، کلرڈ کارڈ، کلر پیپرز

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 20 اگست 2020

برائے رابطہ: ڈپٹی ڈائریکٹر (اسٹورز)

27 ماؤ ایریا، G/9-1 اسلام آباد۔

فون: 042-9032618-9032850

## بورڈ آف ریونیو کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 24 اگست 2020

برائے رابطہ: اسسٹنٹ سیکریٹری (جنرل)

ڈی ڈی او، پنجاب، لاہور۔

## NADRA کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 25 اگست 2020

برائے رابطہ: ایڈمن برانچ، 73 ٹریڈ سینٹر، محمد علی جوہر ٹاوٴن، لاہور۔

فون: 042-99232809

## انسٹی ٹیوٹ ٹراما کا پرنٹنگ و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: Proc/smbbit/(stat)/2020-21

اسٹیشنری آئٹمز

ٹینڈر حوالہ نمبر: Proc/smbbit/(print)/2020-21

پرنٹنگ اشیا کا حصول

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 20 اگست 2020

برائے رابطہ: پلاننگ اینڈ پروکیورمنٹ ڈپارٹمنٹ، 13ویں منزل، SMBB انسٹی ٹیوٹ آف ٹراما، چاند بی بی روڈ، کراچی۔

## پاکستان بیت المال کا پیپر کا ٹینڈر

پیپر A4 سائز، 1500 ریم، پیپر لیگل سائز، 50 ریم

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 24 اگست 2020

برائے رابطہ: ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن، ہیڈ آفس، H-8/4 اسلام آباد۔

فون: 051-929604-929622

## میرائن اکیڈمی کو پرنٹنگ خدمات درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: PMA/AO-Tender/2018-20/65

میگزین کی پرنٹنگ

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 24 اگست 2020

برائے رابطہ: ایڈمنسٹریٹر آفیسر، ہاکس بے روڈ، ماری پور، کراچی۔

فون: 021-99241201-5

## سوئی ناردرن کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: LED/075/20



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# انڈونیشین آفسیٹ پرنٹنگ، فوٹو کاپی پیپر، بریف کارڈ اور چائنا ننگبو بورڈ کی قیمتوں میں کمی

## قرآن پیپر، کاربن لیس پیپر، کلر آفسیٹ ڈیپ کی قیمتوں میں اضافہ، بین الاقوامی سی اینڈ ایف قیمتوں کی رپورٹ

کراچی (انٹرنیشنل پرائس سروے رپورٹ) بین الاقوامی سی این ایف پرائس سروے رپورٹ کے مطابق اس ہفتے متعدد پیپر و پیپر بورڈ چائنا اور انڈونیشیا کی قیمتوں میں ردوبدل ریکارڈ کیا گیا۔اس ہفتے عالمی مارکیٹ سے موصول ہونے والی تفصیلات کی روشنی میں قیمتوں میں تبدیلی کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

انڈونیشین آفسیٹ پرنٹنگ پیپر آئی کے ریلز 70 گرام، 590ڈالر سے کم ہو کر 570ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی۔آفسیٹ کلر پیپر انڈیگو شیٹس 590ڈالر فی میٹرک ٹن دستیاب ہے۔انڈیگو ریلز 540ڈالر فی میٹرک ٹن دستیاب ہے۔ووڈ فری کلر لائٹ 870ڈالر سے بڑھ کر 880ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ووڈ فری کلر ڈیپ 1170ڈالر سے کم ہو کر 1080ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔بریف کارڈ پنڈو ڈیلی جنگ کارکلر 660ڈالر سے کم ہو کر 640ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔گولڈن کوئن پیل کریم 750 ڈالر سے کم ہوکر 730ڈالر فی میٹرک ہوگیا ہے۔گولڈن کوئن وائٹ 730ڈالر سے کم ہو کر 710ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ کاسٹ کوٹڈ بیز پیپر 660ڈالر سے کم ہو کر 640ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔قرآن پیپر آئی کے 60 گرام، 680ڈالر سے بڑھ کر 880ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن 2000،CFB_1300ڈالر سے بڑھ کر 1370ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔امپریشن 2000،CB_1220ڈالر سے بڑھ کر 1290 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے ۔امپریشن 2000،CF_1120ڈالر سے بڑھ کر 1190ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔کاربن لیس پیپر گرین اسٹار، CFB_1220 ڈالر سے بڑھ کر 1270ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔کاربن لیس پیپر گرین اسٹار،CB_1140ڈالر سے بڑھ کر 1190ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔کاربن لیس پیپر گرین اسٹار، CF_1050ڈالر سے بڑھ کر 1100ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔فوٹو کاپی پیپر پی پی سی براؤن 70 گرام، 670ڈالر فی میٹرک ٹن دستیاب ہے۔فوٹو کاپی پیپر پی پی سی براؤن 80 گرام، 660ڈالر فی میٹرک ٹن دستیاب ہے۔

چائنا پیکیجنگ بورڈ، ننگبو گولڈ کی شیٹس 760ڈالر سے کم ہو کر 745ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں جبکہ ریلز 750ڈالر سے کم ہو کر 735ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں۔ننگبو اسٹار کی شیٹس 830ڈالر سے کم ہوکر 815ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں جبکہ ریلز 800ڈالر سے بڑھ کر 805ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں۔

انڈونیشیا اور چائنا کے دیگر برانڈز کی قیمتوں میں کوئی تبدیلی نہیں آئی۔

# نیو یا آرٹ پیپر، ننگبو کارڈ اور آفسیٹ آئی کے کی قیمتوں میں کمی، مقامی آفسیٹ پیپر اور پنڈو کارڈ میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیاں جاری ہیں اور 12اگست کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار اور پنڈو آرٹ کارڈ کی قیمتوں میں اضافہ دیکھنے میں آیا۔جبکہ آرٹ کارڈ ننگبو، انڈونیشین آفسیٹ آئی کے اور نیو یا آرٹ پیپر کی قیمتوں میں کمی دیکھی گئی۔دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال اس طرح سے ہے کہ پنڈو آرٹ کارڈ تمام سائز تمام گرام، 203روپے سے بڑھ کر 204روپے فی کلو ہوگیا ہے۔آرٹ کارڈ ننگبو سٹار چائنا تمام سائز تمام گرام، 204 روپے سے کم ہو کر 202روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 128، 113، 105، 100، 90، 80 اور 150 گرام ، 180روپے سے کم ہو کر 178روپے فی کلو ہوگیا ہے۔نیو یا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 128، 113، 105، 100، 90، 80 اور 150 گرام ، 180روپے سے کم ہو کر 178 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔امپورٹڈ آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 200 روپے سے کم ہو کر 198روپے فی کلو ہوگیا ہے۔مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار اینڈ رولیکس پیپر، تمام سائز 52 گرام، 88روپے سے بڑھ کر 90روپے، تمام سائز 53 گرام، 98روپے سے بڑھ کر 100روپے، تمام سائز 60 گرام، 98روپے سے بڑھ کر 100روپے، تمام سائز 63 گرام، 110روپے سے بڑھ کر 112روپے، تمام سائز 68 گرام، 98روپے سے بڑھ کر 100روپے فی کلو ہوگیا ہے۔فوٹو کاپی پیپر، پی پی سی براؤن 70 گرام، 485روپے سے کم ہو کر 480روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔BLC،A4 سائز 80 گرام، 595روپے سے کم ہو کر 590روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 500روپے سے کم ہو کر 495روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔آئی کے کاپی (5.F4A(13 سائز 70 گرام، 600روپے سے بڑھ کر 605روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔پیپر لائن گولڈن 70 گرام، 500روپے سے کم ہوکر 495روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

# مقامی پیپر ملز مالکان نے کاغذ کی قیمتوں میں پانچ روپے فی کلوگرام اضافہ کردیا

## اسکول کھلنے کی خبروں کیساتھ ہی کارٹل کے ذریعے کاغذ کی قیمتوں میں اضافہ کیا گیا، حکومت نوٹس لے آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پیپر ملز مالکان نے ایک مرتبہ پھر کاغذ کی قیمتوں میں پانچ روپے فی کلوگرام اضافہ کردیا۔اردو بازار اور پیپر مارکیٹ گنپت روڈ میں کاغذ کی قیمتوں میں پانچ روپے کا مزید اضافہ کردیا گیا جس کے بعد 106روپے والا کاغذ 111روپے فی کلوگرام جبکہ 110روپے والا کاغذ 115روپے فی کلوگرام میں فروخت ہورہا ہے۔آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے رہنماؤں خامس سعید بٹ، صدر خواجہ محمد الیاس نے اسکول کھلنے کی خبروں کے ساتھ ہی کارٹل کے ذریعے کاغذ کی قیمتوں میں اضافے پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کاغذ کی قیمتوں میں اضافے کا نوٹس لے کیونکہ کارٹل قیمتوں میں مزید اضافے کا ارادہ رکھتا ہے جس سے غریب اور متوسط طبقہ متاثر ہوگا۔انہوں نے کہا کہ کاغذ بنانے والی ملیں درآمدی کاغذ کے مقابلے میں پہلے ہی 55فیصد کی خصوصی سہولت سے فائدہ اٹھا رہی ہیں اور غیر معیاری و کم وزن کاغذ کے ذریعے سیلز ٹیکس کی مد میں بھی حکومت کو کروڑوں روپے کا نقصان پہنچا رہے ہیں جبکہ انڈرانوائسنگ بھی عام ہے۔ایک ایک واؤچر میں پانچ پانچ گاڑیاں نکالنا معمول ہے۔


ہم اپنے کرم فرماؤں بالخصوص مشتہرین سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ اپنی ادائیگیاں بذریعہ کراس چیک بنام ''پیپر بزنس'' کرنے کی کوشش کریں۔نقد ادائیگی کی صورت میں وصولی ''رسید'' لازمی حاصل کریں۔رسید نہ ملنے کی صورت میں دفتر پیپر بزنس فون نمبر 32632362 پر مطلع کریں۔(ادارہ)





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# پاکستان میں رجسٹرڈ شپنگ کمپنی کے جہاز کو 2030 تک ڈیوٹی و ٹیکسز سے مستثنیٰ، نئی شپنگ پالیسی کا اعلان

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) وفاقی وزیر بحری امور علی زیدی نے نئی شپنگ پالیسی کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ جو شپنگ کمپنی پاکستان میں رجسٹرڈ ہوگی اس کے جہازوں پر 2030ء تک کسٹم ڈیوٹی نہیں لی جائے گی اور ان جہازوں کو فرسٹ برتھ کی سہولت فراہم کی جائے گی۔ غیر ملکی کی جگہ پاکستانی فلیگ والے جہاز کو فوقیت دیں گے، پاکستان میں رجسٹر جہاز کو لنگر انداز ہونے کیلئے ترجیح دی جائے گی۔ وزیراعظم کے مشیر برائے تجارت عبدالرزاق داؤد کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے علی زیدی نے کہا کہ کئی دہائیوں سے شپنگ سیکٹر کو نظر انداز کیا گیا لیکن جب سے میں نے وزارت کا حلف لیا، شپنگ سیکٹر کیلئے نئی پالیسی مرتب کی گئی۔ بندرگاہ پر پہلے جہاز لگانے کیلئے کرپشن کی جاتی تھی جس کا خاتمہ کر دیا، پاکستان میں جو شپنگ کمپنی رجسٹرڈ ہوگی اور جہاز لے گی، ان پر 2030ء تک کسٹم ڈیوٹی، انکم ٹیکس، ایکسائز ٹیکس سے استثنیٰ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی شپنگ انڈسٹری کئی وزارتوں کے ساتھ براہ راست منسلک ہے، غیر ملکی جہازوں پر کارگو فریٹ کی مد میں ہم سالانہ 5 ارب ڈالر ادائیگی کر رہے ہیں۔ وزیر اعظم کے مشیر برائے تجارت عبدالرزاق داؤد نے کہا کہ شپنگ سیکٹر کو اسٹریٹجک اہمیت حاصل ہے۔ نائن الیون واقعہ کے بعد غیر ملکی جہازوں نے اپنے ریٹ بڑھا دیے تھے اور اس دوران بزنس مین انہیں زائد ادائیگیوں پر مجبور ہو گئے تھے۔ ہم پاکستان میں ٹرانس شپمنٹ پالیسی لا رہے ہیں کیونکہ پاکستان میں یہ پالیسی موجود ہی نہیں تھی، سنگاپور ٹرانس شپمنٹ پالیسی کے تحت بڑے پیمانے پر کاروبار کو وسعت دے رہا ہے۔ ٹرانس شپمنٹ کیلئے پاکستان میں مواقع موجود ہیں۔

## 19 سے 21 گریڈ کے 43 افسران کے تبادلے

